DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 18-04-2023

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | اشیاء ضروریہ کی بیرون ملک سمگلنگ روکنے کیلئے بلوچستان اور کے پی کے کی سرحد پر چیک پوسٹیں بڑھائی جائیں ،شہباز شریف۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | معاشی نظام کی بحالی کیلئے تاجر برادری کا کردار بہت اہم ہے، گورنر۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان سول سروسز اکیڈمی کا قیام آئندہ مزید بہتر بنائینگے۔ وزیر اعلیٰ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | حکومت مدت پوری کریگی اور انتخابات وقت پر ہونگے ،مولانا عبدالوسع۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | وزیر ریلوے کی خصوصی ہدایت کوئٹہ سے عید اسپیشل ٹرین آج پشاور کیلئے روانہ ہوگی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | سول سروسز اکیڈمی افسران کی مہارت کو بڑھائے گے، چیف سیکرٹری۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 07 | ایچ ای سی کا گوادر اور ملحقہ ساحلی علاقوں کے طلبا کیلئے وظائف کا اعلان۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | 4 تنخواہوں کی عدم ادائیگی جامعہ بلوچستان سمیت تمام سب کیمپسز میں مکمل تالا بندی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | حکومت بلوچستان کے 17 اپریل کو تنخواہیں دینے کے اعلان پر عمل نہ ہوسکا۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | وفاق نے بلوچستان کے منصوبوں کیلئے 52ارب روپے جاری کر دیئے۔ | 92 ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ پنجپائی اور نوشکی میں چھپے چینی افغانستان اسمگل کرنیکی کوشش ناکام۔ | سنچری ودیگر اخبارات |
| 12 | منشور آئین ونظریات سے انکاری ٹولہ پارٹی کا وارث نہیں ہوسکتا، پشتونخوامیپ۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | کوئٹہ مردم شماری سے قبل پراپیگنڈہ کر کے لوگوں میں خوف پھیلایا گیا، سیاسی مذہبی جماعتیں۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14 | سیاسی مسائل کا حل صرف مذاکرات ہیں ڈاکٹر مالک۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | غیر سیاسی لوگوں تاجروں اور ٹھیکداروں نے سیاست کو بدنام کردیا لشکری رئیسانی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان :

پنجگور میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، ڈھاڈر ہائی وے پر مسلح ڈاکوؤں نے ٹرکوں اور گاڑیوں کو لوٹ لیا، گوادر میں فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکہ۔

## عوامی مسائل:

سول ہسپتال کے شعبہ حادثات کے سامنے صفائی کی صورتحال ابتر ہوگئی، 15 سال بعد بھی پسنی فش ہاربر جیٹی غیر فعال جاپانی فنڈز کا مصرف نامعلوم، بختیار آباد کے ترقیاتی کام کرپشن کی نذر ہوگئے، اہل علاقہ

Scanned with CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 18-04-2023

**اداریہ :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای پالیسی خوش آئند اقدام** " کہ عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہا یک خبر کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گذشتہ روز سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ز سے متعلق حکمت عملی کی منظوری دے دی ہے اس پالیسی یا حکومت عملی کی خاص الخاص بات یہ ہے کہ بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای ترقی کی حکمت عملی ہے جس کی وزیر اعلیٰ نے منظوری دی ہے اور یہ منظوری انہوں نے محکمہ صنعت و تجارت کی جانب سے ارسال کی گی ایک سمری پر دی۔ امید ہے کہ وزیر اعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر قیادت یہ موجودہ صوبائی حکومت جلد ہی اس حوالے سے مزید اقدامات اٹھائے گی اور بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ صوبے میں صنعت وحرفت اور کاروباری ومعاشی سرگرمیوں کی بڑھوتری سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے جاری اقدامات تسلسل برقرار رکھتے ہوئے مزید ایسے اقدامات کو یقینی بنائے۔

**اداریے :**

**مضامین :**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ نے "**بلوچستان کے جامعات شدید مالی مشکلات کا شکار** "کے عنوان سے مضمون محمد خان شاہوانی نے تحریر کیا ہے۔

روزنامہ 92 نیوز نے "**وزیر اعلیٰ رمضان پیکج کے تحت کوہلو کے مستحقین میں مفت راشن فراہمی کا جائزہ** "کے عنوان سے مضمون طاہر شہزاد نے تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 18 APR 2023

Page No: 2

# معاشی نظام کی بحالی کیلئے تاجر برادری کا کردار بہت اہم ہے، گورنر

## پینے کے پانی کی کوالٹی کا تعین کرنے کیلئے جدید تحقیق پر مبنی لیبارٹریز قائم کرنے کی ضرورت ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ معاشی نظام کی بحالی کیلئے تاجر برادری کا کردار بہت اہم ہے اور اس کے پیش نظر ہمسایہ ممالک کی منڈیوں تک رسائی دینے کی غرض سے انہیں آمدورفت اور نقل وحمل کی تمام سہولیات مہیا کرنے پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہمسایہ ملک ایران تک موجود ریلوے لائن کو پوری طرح فعال کرنے اور اس کے مختلف شہروں تک پرواز کی بحالی کیلئے اقدامات کیے جائیں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں کوئٹہ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری حاجی جمعہ خان اور عبدالخالق آغا کی قیادت میں تاجروں کے وفد سے گفتگو میں کیا، اس موقع پر وزیر مملکت برائے توانائی میر محمد ہاشم نوتیزئی بھی موجود تھے، گورنر بلوچستان نے تاجروں اور صنعتکاروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم صوبے کے تاجروں اور صنعتکاروں کو درپیش مشکلات اور مسائل سے خوب آگاہ ہیں اور انکے پائیدار حل کیلئے متعلقہ حکام اور محکموں سے بھی بات چیت کی جائیگی، گورنر بلوچستان نے کہا کہ آبادی کے کسی حصے کیلئے اقلیت یا آبادکار کی اصطلاح استعمال کرنا مناسب نہیں کیونکہ آئین پاکستان کی نظر میں سب شہری برابر ہیں، وفد نے گورنر بلوچستان کو اپنے مسائل بتاتے ہوئے مطالبہ کیا کہ متعلقہ اداروں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں تاجروں کو نمائندگی دی جائے جس پر گورنر بلوچستان نے یقین دلایا کہ وہ اس معاملے پر حکام سے ضرور بات چیت کریں گے۔ دریں اثناء گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان خاص طور پر کوئٹہ میں زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی سطح گھمبیر شکل اختیار کرتی جاری ہے، انہوں نے کہا کہ پینے کے پانی کی کوالٹی کا تعین کرنے کیلئے جدید تحقیق پر مبنی لیبارٹریز قائم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ عوام کو مضر صحت پانی سے لاحق ہونے والی بیماریوں خاص طور سے بچوں کو مختلف امراض سے بچایا جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان کونسل آف ریسرچ اینڈ واٹر ریسورسز کے ریجنل ڈائریکٹر محمد کلیم سے گفتگو میں کیا، اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ درختوں اور پودوں کو پانی دینے کیلئے ری سائیکلنگ پلانٹ کے فقدان کے باعث کوئٹہ شہر میں پودوں اور درختوں کو بھی صاف پانی دیا جارہا ہے، ری سائیکلنگ پلانٹس لگائے جانے سے انسانوں کو پینے کے صاف پانی کو ضائع ہونے سے بچایا جا سکتا ہے، انہوں نے زیرزمین پانی کی سطح اونچا کرنے اور مضر صحت پانی کے مسئلہ کو حل کرنے کے حوالے صوبے کے تمام ماہرین اور محققین پر زور دیا کہ وہ حکومت سے بھرپور تعاون کریں۔

## گورنر کا مولانا فضل الرحمن سے ٹیلیفونک رابطہ، مفتی شکور کی وفات پر تعزیت کی

کوئٹہ (خ ن) گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کا جمعیت کے مرکزی امیر اور پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، انہوں نے گزشتہ روز ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے وفاقی وزیر برائے مذہبی امور مفتی عبدالشکور کی وفات پر تعزیت کی۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ مرحوم مفتی عبدالشکور نہایت غریب پرور، دین دوست اور شریف النفس انسان تھے اور ان کی گرانقدر خدمات کو تادیر یادرکھا جائیگا۔ بلوچستان کے عوام مرحوم مفتی عبدالشکور کے اہلخانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 18 APR 2023

Page No: 3


## بلوچستان سول سروسز اکیڈمی کا قیام خوش آئند، مزید بہتر بنائینگے، وزیراعلیٰ

**صوبے کی تعمیر و ترقی کیلئے ضروری ہے صوبائی افسران کی بہتر گرومنگ پر توجہ دی جائے، بیان**

کوئٹہ (ن ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ میں بلوچستان سول سروس کی بہتری و ترقی اور افسران کی استعداد کار میں اضافے کے لئے بلوچستان سول سروسز اکیڈمی کے قیام اور اکیڈمی میں پہلے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے آغاز کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اکیڈمی کو مزید بہتر اور بھرپور طور پر فعال بنایا جائے گا اور اکیڈمی کے لئے نئی عمارت کے قیام کو بھی جلد عملی جامہ پہنایا جائے گا، وزیراعلیٰ نے اکیڈمی کے قیام کو چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی اکیڈمی کے پہلے ڈی جی ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی اور انکی ٹیم کی شب و روز محنت کا نتیجہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں اپنی سول سروسز اکیڈمی نہ ہونے کے باعث بہت سے افسران ضروری ٹریننگ سے محروم رہ جاتے تھے صوبائی حکومت افسران کی کپیسٹی بلڈنگ پر خصوصی توجہ دینا چاہتی ہے تاکہ وہ سرکاری اور انتظامی امور زیادہ احسن انداز سے چلا سکیں صوبائی سطح پر اکیڈمی کے قیام کا مقصد صوبے کے نوجوان افسران کی استعداد کار میں وقت کے تقاضوں کے مطابق اضافہ کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لئے ضروری ہے کہ ہم اپنے صوبائی افسران کی بہتر گرومنگ پر خصوصی توجہ دیں اور ان میں موجود مخفی صلاحیتوں کو مزید نکھاریں تاکہ وہ ایک زیادہ منظم اور بہتر انداز میں زیادہ سے زیادہ عوام کی خدمت کر سکیں وزیراعلیٰ نے اس امید کا اظہار کیا کہ اکیڈمی بھرپور انداز سے افسران اور خصوصاً نوجوانوں افسران کے پروفیشنل کیریئر کی بہتری میں معاون کردار ادا کرتے ہوئے اہم سنگ میل ثابت ہوگی اور بلوچستان کے افسران کی ان کے اپنے صوبے میں پروفیشنل ٹریننگ بھی ممکن ہوگی۔


MASHRIQ QUETTA


# بلوچستان سول سروسز اکیڈمی کو مزید بہتر اور فعال بنایا جائیگا، عبدالقدوس بزنجو

**بلوچستان سول سروس کی بہتری و ترقی اور افسران کی استعداد کار میں اضافے کے لئے اکیڈمی میں پہلے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے آغاز خوش آئند ہے**

**صوبائی حکومت افسران کی کپیسٹی بلڈنگ پر خصوصی توجہ دینا چاہتی ہے تاکہ وہ سرکاری اور انتظامی امور زیادہ احسن انداز سے چلا سکیں، وزیراعلیٰ بلوچستان**

**کہ اکیڈمی بھرپور [illegible] سے افسران اور خصوصاً نوجوانوں افسران کے پروفیشنل کیریئر کی بہتری میں معاون کردار ادا [illegible] اہم سنگ میل ثابت ہوگی**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے کوئٹہ میں بلوچستان سول سروس کی بہتری و ترقی اور افسران کی استعداد کار میں اضافے کے لئے بلوچستان سول سروسز اکیڈمی کے قیام اور اکیڈمی میں پہلے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے آغاز کو خوش آئند.......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 9 پر

قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اکیڈمی کو مزید بہتر اور بھرپور طور پر فعال بنایا جائے گا اور اکیڈمی کے لئے نئی عمارت کے قیام کو بھی جلد عملی جامہ پہنایا جائے گا وزیراعلیٰ نے اکیڈمی کے قیام کو چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی اکیڈمی کے پہلے ڈی جی ڈاکٹر عبدالحفیظ جمالی اور انکی ٹیم کی شب و روز محنت کا نتیجہ قرار دیا ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں اپنی سول سروسز اکیڈمی نہ ہونے کے باعث بہت سے افسران ضروری ٹریننگ سے محروم رہ جاتے تھے صوبائی حکومت افسران کی کپیسٹی بلڈنگ پر خصوصی توجہ دینا چاہتی ہے تاکہ وہ سرکاری اور انتظامی امور زیادہ احسن انداز سے چلا سکیں

## وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایت پر آواران کے مستحقین میں راشن تقسیم

**تمام تحصیلوں میں مفت راشن تقسیم کرنے کے لئے کمیٹیاں قائم کی گئیں**

**انتظامیہ غریب و مستحق افراد کی فہرست مرتب کر کے انہیں راشن فراہم کر رہی ہے**

آواران (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے فراہم کردہ مفت راشن پیکج کے تحت ضلع آواران کے 2500 مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کرنے کا عمل جاری تمام تحصیلوں میں مفت راشن تقسیم کرنے کے لئے کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں جو منصفانہ انداز و صاف و شفاف طریقے سے فہرست مرتب کر کے راشن حقداروں تک پہنچا رہے ہیں اس تمام عمل.......... بقیہ نمبر 51 صفحہ 9 پر

کی نگرانی ڈپٹی کمشنر آواران جمعہ داد خان از خود کر رہے ہیں۔ جب کہ اسسٹنٹ کمشنر آواران خسرو دلاوری لیویز انچارج منظور احمد لیویز انچارج صابر اور لیویز انچارج امام بخش مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کر کے ان کی فہرست مرتب کر رہے ہیں۔ ابتدائی مرحلے میں اب تک 1500 خاندانوں کو راشن فراہم کر دیا گیا ہے۔ پیکج میں ایک گھرانے کے لئے کئی روز کا راشن موجود ہے۔


Balochistan Time Quetta


# CM lauds establishment of CSA


**Staff Report**


**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Abdul Quddus Bizenjo has hailed the establishment of Balochistan Civil Services Academy (CSA) and the launch of the first mid-career management course in Quetta for the improvement and development of Balochistan Civil Service and increasing the efficiency of officers will be made more efficient and fully functional and the establishment of a new building for the academy will also be implemented soon.

He said that due to the lack of civil services academy in the province, many officers were deprived of necessary training. The purpose of establishing the academy at the provincial level is to increase the efficiency of the young officers of the province according to the requirements of the time.

Pay special attention to grooming and develop the latent skills in them so that they can serve more and more people in a more organized and better way. It will be an important milestone by playing a supporting role in the improvement of professional career and professional training of Balochistan officers in their own province will also be possible.


Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 18 APR 2023

Page No: 8

## حکومت مدت پوری کریگی اور انتخابات وقت پر ہونگے، مولانا عبدالواسع

**پارلیمنٹ کی توہین کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی، مردم شماری پر تحفظات دور کئے جائیں، خطاب**

کوئٹہ (پ ر) جمیعت علماء اسلام بلوچستان کے امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ عام انتخابات وقت پر ہونگے حکومت [illegible] بعد عام انتخابات کا اعلان کیا جائے گا۔ پنجاب یا خیبر پختونخوا کے الیکشن سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، مرکز اور چاروں صوبوں میں الیکشن ہوں، صوبوں میں نگراں حکومتیں بنانی پڑیں گی، ہم الیکشن اور صرف الیکشن کے لئے مثبت ڈائیلاگ چاہتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مکہ مکرمہ میں افطار پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رکن اسمبلی حاجی نواز کاکڑ و دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اپنی مدت پوری ہونے کے بعد ہی عام انتخابات کا اعلان کرے گی، کسی کے کہنے پر انتخابات ہوں گے اور نہ ہی وفاقی حکومت کو کوئی بھی ادارہ ختم کرسکتا ہے۔ آج بھی ہم کہتے ہیں کہ آئین و قانون اور پارلیمنٹ کی بالادستی کیلئے تمام اداروں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، اگر ایسا نہ ہوا تو جمیعت اس حوالے سے اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی اور پارلیمنٹ کی توہین کسی صورت برداشت نہیں کریگے انہوں نے کہا کہ مذاکرات ہونے چاہئیں مگر مذاکرات میں کسی کی بھی شرائط تسلیم نہیں کریگے اگر کوئی سیاسی جماعت وفاقی حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کرنے کی خواہاں ہے تو اس پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں مگر انتخابات اپنے مقررہ وقت پر ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مردم شماری پر بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتوں کے تحفظات ہیں اور جمیعت سمجھتی ہے کہ اس سلسلے میں حکومت کو چاہئے کہ وہ زیادہ سے زیادہ وقت دے تاکہ بلوچستان کے عوام عید کے بعد مردم شماری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

MASHRIQ QUETTA

## وزیر ریلوے کی خصوصی ہدایت کوئٹہ سے عید اسپیشل ٹرین آج پشاور کیلئے روانہ ہوگی

**سیٹوں کی بکنگ گزشتہ کئی روز سے جاری ہے ٹرین 11 بوگیوں پر مشتمل ہوگی اور صبح 10 بجے ریلوے اسٹیشن سے روانہ ہوگی، ذرائع**

**عید اسپیشل ٹرین کوئٹہ سے مچھ، سبی، جیکب آباد، سکھر، روہڑی، ملتان، ساہیوال، لاہور سے ہوتی ہوئی راولپنڈی اور پشاور پہنچے گی**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سے عید اسپیشل ٹرین آج پشاور کیلئے روانہ ہوگی ٹرین 11 بوگیوں پر مشتمل ہوگی اور صبح 10 بجے ریلوے اسٹیشن سے روانہ ہوگی وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق کی خصوصی ہدایت پر ہر سال کی طرح اس سال بھی ملک بھر کی طرح کوئٹہ سے عید اسپیشل ٹرین آج روانہ ہوگی، ٹرین کی بکنگ گزشتہ کئی روز سے جاری ہے، مذکورہ عید اسپیشل ٹرین کوئٹہ سے مچھ، سبی، جیکب آباد، سکھر، روہڑی، ملتان، ساہیوال، لاہور سے ہوتی ہوئی راولپنڈی اور پشاور پہنچے گی، یاد رہے کہ گزشتہ سال مون سون کی بارشوں کے دوران سیلاب سے بولان کے علاقے میں.........

بقیہ نمبر 58 صفحہ 9 پر

ہرک میں ریلوے پل گر گیا تھا جس کی وجہ سے کوئٹہ کو بذریعہ ٹرین زمینی رابطہ ملک بھر سے منقطع ہوگیا تھا، نصیرآباد ڈویژن اور دیگر علاقوں میں سیلاب سے متاثر ہونے والے ریلوے ٹریک کی مرمت کے بعد ٹرین کی بحالی ممکن بنائی گئی اور بلوچستان کے لوگوں کو سفری سہولیات کیلئے مچھ سے جعفر ایکسپریس ٹرین پشاور کیلئے چلائی گئی کوئٹہ سے مسافروں کو کوچوں کے ذریعے مچھ ریلوے اسٹیشن پر لیجایا اور واپس کوئٹہ لایا جاتا تھا، ریلوے حکام کی جانب سے 7 ماہ کی مدت میں گرنے والے پل کی دوبارہ تعمیر مکمل کر کے 15 اپریل کو کوئٹہ سے سات ماہ بعد کوئٹہ سے ٹرین کی سروس بحال ہوئی ہے

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 DATE: 18 APR 2023 Page No: 6


## سول سروس اکیڈمی افسران کی مہارت کو بڑھائے گی، چیف سیکرٹری

**افتتاح کر کے گڈ گورننس و عوامی خدمت کی فراہمی کیلئے ایک سنگ میل عبور کر لیا، خطاب**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ سول سروس اکیڈمی کا مقصد انسانی ترقی اور عمومی خدمت کے لئے مہارتوں کو بہتر بنانا ہے یہ ایک ایسا تعلیمی ادارہ ہوگا جو آفیسران کے استعداد کار کو بڑھانے میں مدد فراہم کرے گا جو اپنے اندر پنہاں خصوصیات کو تلاش کرتے ہیں اور اپنے ذاتی پیدائشی قابلیت کو شناخت کرتے ہیں سول سروس اکیڈمی کا ہدف ایک اہم مقصد ہے جو سماجی ترقی اور خدمت کے میدان میں نوجوانوں کو بہتر بنانا ہے حکومت کے ذرائع کو بہتر بنانا، ان کی کارکردگی اور اہداف کو بہتر تعین کرنا اور عوام کی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا ہوتا ہے بین الاقوامی بہترین طریقوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اور مقامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عوام بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقات کے مسائل کو سمجھنا اور ان کے حل میں اپنی تمام تر صلاحیتیں لگانا سول سروس کی معراج ہے ملک و صوبے کو ایسے سول سرونٹس کی ضرورت ہے جو جدید دور کے مسائل سے نمٹنے کے لیے ضروری علم اور مہارت سے لیس ہوں۔ صوبائی حکومت کی یہ اقدام قابل تعریف ہے کیونکہ اس سے نوجوان سول سرونٹس کو غریب لوگوں کے مسائل کو سمجھنے اور ان کا مناسب حل تلاش کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ اقدام سول سروس میں اصلاحات سے متعلق موجودہ حکومت کے ایجنڈے کے مطابق بھی ہے۔ بلوچستان سول سروس اکیڈمی کا قیام بلوچستان سول سروس کی بہتری و ترقی اور افسران کی استعداد کار میں اضافے کے لیے صوبائی حکومت کا اہم اقدام ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی سول سروس اکیڈمی کے افتتاح اور پہلے مڈ کیریئر مینجمنٹ کورس کے آغاز پر کیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹریز اور ریٹائرڈ آفسران بھی تقریب میں شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ کیڈمی کا قیام وزیر اعلیٰ کی رہنمائی اور سرپرستی کے باعث ممکن ہوا اور اکیڈمی کو مزید بہتر اور بھرپور طور پر فعال بنایا جائے گا اور اکیڈمی کے لیے نئی عمارت کا قیام بھی جلد عمل میں لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی سطح پر اکیڈمی کے قیام کا مقصد صوبے کے نوجوان افسران کی کیپسٹی بلڈنگ ہے۔ بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں باصلاحیت اور تربیت یافتہ افسران کا کلیدی کردار ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نوجوان آفیسر اس سہولت سے بھرپور استفادہ کر کے اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں گے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صوبائی سول سروس کے 17 اور بالا گریڈ کے آفیسرز کی کیپسٹی بلڈنگ کے لئے کوئٹہ میں سول سروسز اکیڈمی کے قیام کی منظوری محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی ایک سمری پر دی تھی۔ انہوں نے کہا کہ آج مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ہم نے بلوچستان سول سروس اکیڈمی کا افتتاح کر کے گڈ گورننس اور موثر عوامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ایک سنگ میل حاصل کر لیا ہے۔ انسٹی ٹیوٹ تمام کیریئر مینجمنٹ کورسز کی سربراہی کرے گا۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان کی تعمیر و ترقی میں تربیت یافتہ افسران کا کلیدی کردار ہے، چیف سیکرٹری

**بلوچستان سول سروس اکیڈمی کا قیام بلوچستان سول سروس کی بہتری، ترقی اور افسران کی استعداد کار میں اضافے کے لیے صوبائی حکومت کا اہم اقدام ہے**

**سول سروس اکیڈمی ایک ایسی تعلیمی ادارہ ہوگا جو آفیسران کے استعداد کار کو بڑھانے میں مدد فراہم کرتا ہے جو اپنے اندر پنہاں خصوصیات کو تلاش کرتے ہیں**

**عوام بالخصوص معاشرے کے پسماندہ طبقات کے مسائل کو سمجھنا اور ان کے حل میں اپنی تمام تر صلاحیتیں لگانا سول سروس کی معراج ہے، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) سول سروس اکیڈمی کا مقصد انسانی ترقی اور عمومی خدمت کے لئے مہارتوں کو بہتر بنانا ہے۔ یہ ایک........

بقیہ 33 صفحہ نمبر 9 پر

ایسی تعلیمی ادارہ ہوگا جو آفیسران کے استعداد کار کو بڑھانے میں مدد فراہم کرتا ہے جو اپنے اندر پنہاں خصوصیات کو تلاش کرتے ہیں اور اپنے ذاتی پیدائشی قابلیتوں کو شناخت کرتے ہیں۔ سول سروس اکیڈمی کا ہدف ایک اہم مقصد ہے جو سماجی ترقی اور خدمت کے میدان میں نوجوانوں کو بہتر بنانا ہے۔ حکومت کے ذرائع کو بہتر بنانا، ان کی کارکردگی اور اہداف کو بہتر تعین کرنا اور عوام کی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا ہوتا ہے۔ سول سروس کا مقصد عوام کی خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا ہے، اور اس کے ذریعہ حکومت مختلف اقدامات کو بہتر بناتی ہے

Scanned with CamScanner

## ایچ ای سی کا گوادر اور ملحقہ ساحلی علاقوں کے طلبا کیلئے وظائف کا اعلان

وظائف کا مقصد گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں کے طلباء کو سی پیک اور دیگر منصوبوں میں ملازمتیں تلاش کرنے کے لیے جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے

گوادر کے طلباء کو معیاری تعلیم تک رسائی اور [illegible] CPEC [illegible]

گوادر (این این آئی) پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی کمیشن (ایچ ای سی) نے گوادر اور ملحقہ ساحلی علاقوں کے طالبعلموں کے لئے وظائف کا اعلان کر دیا، سکالرشپ پروگرام مقصد گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں کے طالبعلموں کو چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) اور دیگر لیبر مارکیٹوں کے منصوبوں میں ملازمتیں تلاش کرنے کے لئے جدید مہارتوں سے آراستہ کرتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی کمیشن (ایچ ای سی) نے گوادر سمیت بلوچستان کے ساحلی علاقے کے انڈر گریجویٹ طالبعلموں کے لئے کوسٹل ریجن ہائر ایجوکیشن اسکا........ بقیہ نمبر 64 صفحہ 9 پر

لرشپ پروگرام (CRHESP) کا اعلان کیا ہے۔ اسکالرشپ پروگرام ایک اہم حکومتی اقدام ہے جس کا مقصد گوادر اور دیگر ساحلی علاقوں کے طلباء کو چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) اور دیگر لیبر مارکیٹوں کے منصوبوں میں ملازمتیں تلاش کرنے کے لیے جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے۔ پروگرام کے تحت، 200 طلباء چار بیچوں میں ایچ ای سی سے تسلیم شدہ سرکاری اور نجی شعبے کی یونیورسٹیوں اور ڈگری دینے والے اداروں (ڈی اے آئی) میں بی ایس اسٹڈیز کے پروگراموں میں اسکالرشپ سے فائدہ اٹھائیں گے

## لاپتہ کیس، پولیس رپورٹس مسترد، وفاقی وصوبائی حکومت سے جواب طلب

افراد کی بازیابی میں سنجیدہ نہیں دکھائی دے رہی، روایتی رپورٹس ناقابل قبول ہیں، جسٹس نعمت

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ ہائیکورٹ نے لاپتہ افراد کی بازیابی درخواستوں پر سماعت کے دوران پولیس رپورٹس مسترد کرتے ہوئے وفاقی و صوبائی حکو........ بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 9 پر

متوں سے جواب طلب کرلیا، تفصیلات کے مطابق 12 لاپتہ افراد کی بازیابی درخواستوں پر سماعت سندھ ہائی کورٹ میں ہوئی، عدالت نے پولیس رپورٹس پر اظہار برہمی کرتے ہوئے مسترد کردیا، جسٹس نعمت نے کہالاپتہ افراد کی بازیابی میں سنجیدہ نہیں دکھائی دے رہی، روایتی رپورٹس سندھ ہائی کورٹ میں پیش کی جا رہی ہیں، عدالت نے صوبائی اور وفاقی حکومتوں سے جواب طلب کرلیا، سیکرٹری داخلہ سے حراستی مراکز کی رپورٹ میں بھی طلب کرتے ہوئے

## 4 تنخواہوں کی عدم ادائیگی، جامعہ بلوچستان سمیت تمام سب کیمپسز میں مکمل تالا بندی

جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کے زیر اہتمام احتجاجی ریلی [illegible] روڈ کو بلاک کرکے [illegible] کی قیادت میں [illegible]

جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین 26 ویں رمضان المبارک کو بھی اپنی پچھلے تین مہینوں کی تنخواہوں سے محروم ہیں، ڈاکٹر کلیم اللہ

صوبائی حکومت فوری طور پر جامعہ بلوچستان کے اساتذہ اور ملازمین کیلئے [illegible] فراہم کرے، [illegible]

کوئٹہ (آن لائن) جوائنٹ ایکشن کمیٹی جامعہ بلوچستان کے زیر اہتمام 17 اپریل 26 ویں رمضان المبارک کو بھی اساتذہ کرام اور ملازمین نے اپنے پچھلے 3 مہینوں کی تنخواہوں کی تاحال عدم دائیگی، جامعہ........ بقیہ 38 صفحہ نمبر 9 پر

بلوچستان سمیت دیگر جامعات کو درپیش سخت مالی و انتظامی بحران کی مستقل حل، بلوچستان یونیورسٹیز ایکٹ 2022 کی پالیسی ساز اداروں میں اساتذہ، آفیسران، ملازمین اور طلبا ، وطالبات کی منتخب نمائندگی، غیر قانونی طور پر مسلط وائس چانسلر کی برطرفی، آفیسران و ملازمین کی پروموشن، آپ گریڈیشن اور ٹائم سکیل کی فراہمی کے لئے جامعہ بلوچستان سمیت تمام سب کیمپسز میں مکمل تالا بندی اور امتحانات وٹرانسپورٹ بند رکھیں اور ایک زبردست احتجاجی ریلی سریاب روڈ پر نکالی گئی

## حکومت بلوچستان کے 17 اپریل کو تنخواہیں دینے کے اعلان پر عمل نہ ہوسکا

میونسپل اداروں سمیت بہت سے محکموں کے ملازمین کو تنخواہیں نہ مل سکیں

کوئٹہ (یو این اے) حکومت بلوچستان کی 17 اپریل کو تنخواہیں دینے کے اعلان پر عمل نہ ہوسکا، بہت سے محکموں کے ملازمین کو تنخواہیں نہ مل سکیں۔ وا........ بقیہ 20 صفحہ نمبر 9 پر

ضح رہے کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے عید الفطر کی آمد سے قبل 17 اپریل کو تمام سرکاری ملازمین کو تنخواہیں دینے کا نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا تاہم 17 اپریل کو مختلف محکموں کے ملازمین کو تنخواہیں نہ مل سکیں بینکوں کو اے جی آفس کی طرف سے چیک موصول نہ ہونے کی وجہ سے تنخواہیں تاخیر کا شکار ہوگئی ہیں۔

## گوادر میں چینی کمپنیاں چینی کرنسی یوآن کو جمانے کا مطالبہ کررہی ہیں، چیئرمین یوبو

گوادر فری زونز جلد ایکسپورٹ انڈسٹریل پارکس بن جائیں گے، عہدیدار کی تقریر و انٹرویو

گوادر (این این آئی) گوادر میں چینی کمپنیاں امریکی ڈالر کے بجائے چینی کرنسی یوآن کو جمانے کا مطالبہ اور اجازت مانگ رہی ہیں۔ اگر حکومت اسے قبول کر لیتی ہے تو کمپنیاں راحت کی سانس لیں گی، گوادر فری زونز جلد ایکسپورٹ انڈسٹریل پارکس بن جائیں گے، گوادر پورٹ اور گوادر فری زونز پاکستان اور اس سے باہر کے سرمایہ کاروں کے لیے سرمایہ........ بقیہ نمبر 66 صفحہ 9 پر

کاری کے بے پناہ مواقع فراہم کرتے ہیں، گوادر فری زونز کو ہر قسم کے صوبائی ٹیکسوں، وفاقی ٹیکسوں اور کسٹم ڈیوٹی سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار چینی عہدیدار چائنا اوورسیز پورٹ ہولڈنگ کمپنی کے نئے چیئرمین یوبو نے اپنی پہلی تقریر اور گوادر پرو کے ساتھ انٹرویو میں کیا، انہوں نے کہا سی پیک کی 10 سالہ ترقی کی کہانی کے کثیر جہتی منافع کے ساتھ، گوادر فری زونز "ایکسپورٹ انڈسٹریل پارکس" بننے کی طرف گامزن ہیں، انہوں نے کہا کہ گوادر پورٹ اور گوادر فری زونز پاکستان اور اس سے باہر کے سرمایہ کاروں کے لیے سرمایہ کاری کے بے پناہ مواقع فراہم کرتے ہیں۔

## وفاق نے بلوچستان کے منصوبوں کیلئے 52 ارب روپے جاری کر دیئے

وفاقی حکومت نے وزارت مواصلات کو خضدار۔ کچلاک روڈ اور پرانا بنوں روڈ وسیع کرنے کے لیے مزید 22 ارب روپے جاری کردیے

حکومت مالی مشکلات کے باوجود بلوچستان سمیت ملک بھر میں ترقیاتی اسکیموں کیلئے فنڈ مختص کرنے کیلئے پرعزم ہے، وزارت منصوبہ بندی [illegible]

کوئٹہ (یو این اے) مالی بحران: وفاقی حکومت نے کوئٹہ کراچی شاہراہ، پرانا بنوں روڈ، کچھی کینال سمیت دیگر منصوبوں کیلئے 52 ارب فنڈ جاری ہوئے جو سالانہ 111 ارب روپے سے زائد کے مقابلے میں 76 ارب روپے جاری ہو چکے ہیں۔ حکومت معاشی تباہی ہوئی تھی مالی مشکلات کے باوجود ترقیاتی اسکیموں کیلئے فنڈز مختص کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ جبکہ داسو، بھاشا ڈیم، مہمند ڈیم [illegible]

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

DATE: 18 APR 2023

Page No: 9

# منشور، آئین و نظریات سے انکاری ٹولہ پارٹی کا وارث نہیں ہو سکتا، پشتونخوا میپ

ٹولے نے الیکشن کمیشن میں مرکزی کمیٹی کی جعلی لسٹ اور جعلی کاروائی جمع کر کے جعلسازی، دھوکہ دہی جیسے جرم کا ارتکاب کیا

الیکشن کمیشن کے غیر منصفانہ فیصلے کو پڑھے بغیر اور سیاق و سباق سے ہٹ کر بیان کرنا سیاسی دیوالیہ پن ہے، نصر اللہ خان زیرے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوام پارٹی کے منشور و آئین، نظریات اور بنیادی فکر سے انکاری اور یو ٹرن لینے والا ٹولہ پارٹی کے نام، جھنڈے اور انتخابی نشان کی ملکیت کے دعویدار اور وارث کبھی بھی نہیں ہوسکتا مرکزی کمیٹی کی مطلوبہ تعداد سے محروم اور الیکشن کمیشن میں مرکزی کمیٹی کی جعلی لسٹ اور جعلی کاروائی جمع کر کے جعلسازی، دھوکہ دہی جیسے جرم کا ارتکاب کیا ہے ان عقل کے اندھوں کا الیکشن کمیشن کے غیر قانونی اور غیر منصفانہ فیصلہ پڑھے بغیر اور سیاق وسباق سے ہٹ کر بیان کرنا سیاسی دیوالیہ پن اور بوکھلاہٹ کے سوا کچھ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار پشتو......... بقیہ نمبر 85 صفحہ 9 پر

نخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر ایم پی اے نصر اللہ خان زیرے نے قلعہ سیف اللہ کے ضلعی کمیٹی کے اجلاس اور بعد میں کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے پہلے ضلعی کمیٹی کا اجلاس نصر اللہ خان زیرے کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں صوبائی سینئر نائب صدر اللہ نور، صوبائی سیکریٹری اطلاعات زمان خان کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکریٹریز سلیمان خان بازئی اور سعید اکبر کاکڑ بھی موجود تھے۔ اجلاس میں علاقائی یونٹوں کی گزشتہ کارکردگی کی رپورٹ پیش کی گئی جس پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور پارٹی میں لوگوں کی کثیر تعداد میں شمولیت کو خوش آئند قرار دیا گیا۔ آئندہ کیلئے اہم تنظیمی فیصلے کئے گئے جس میں عید کے بعد علاقائی کانفرنسوں کے انعقاد کا شیڈول جاری کرنا قابل ذکر ہے، اجلاس کے بعد افطار پارٹی کا اہتمام بھی کیا گیا تھا۔ اس موقع پر پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے نصر اللہ خان زیرے نے کہا کہ پشتونخوامیپ جیسے منظم پارٹی کو بحران سے دوچار کرنے، پارٹی آئین سے انحراف کر کے فیصلہ ساز اداروں کو مفلوج کرنے اور شاہی فرمانوں کے ذریعے پارٹی چلانے والوں کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ آئین اور قانون کی باتیں کر کے پارٹی کارکنوں اور عوام کو گمراہ کریں کیونکہ نہ تو یہ ٹولہ پارٹی آئین کی پاسداری کرتے تھے اور نہ ہی انکو مرکزی کمیٹی کے اکثریت کی حمایت حاصل تھی اسی لئے وہ پارٹی آئین اور فیصلہ ساز اداروں کو بائی پاس کر کے غیر آئینی طریقوں اور حربوں کو استعمال کرتے اور شاہی فرمانوں کے ذریعے اپنے ذاتی انا اور پسند کیفیصلے مسلط کرتے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری املاک پر قبضہ کرنے والے پراپرٹی ڈیلرز اور پارٹی منشور و آئین اور نظریات کے منحرفین کسی طور پر بھی پارٹی کے نام، جھنڈے اور انتخابی نشان کے وارث نہیں اور نہ ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پارٹی کو دولخت کرنے والے اس کوتاہ اندیش ٹولے نے پارٹی دستور سے انحراف کرتے ہوئے خفیہ طریقے سے مرکزی کمیٹی کے اراکین کے اقلیتی تعداد کو اکٹھا کر کے افراتفری میں غیر آئینی اور غیر [illegible]

# کوئٹہ مردم شماری سے قبل پراپیگنڈہ کر کے لوگوں میں خوف پھیلایا گیا

سیاسی و مذہبی جماعتیں

ایک ماہ کی توسیع کر کے صحیح معنوں میں مردم شماری اور خانہ شماری کو یقینی بنایا جائے تاکہ کوئٹہ کی آبادی کا تعین ہو سکے، راحیلہ درانی، ڈاکٹر عمر بابر

حکومتی سطح پر اٹھائے جانے والے اقدامات ناکافی ہیں، ڈیجیٹل مردم شماری سے متعلق بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اظہار خیال

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے سیاسی مذہبی جماعتوں سمیت مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں صوبائی وزیر مبین احمد خلجی پاکستان مسلم لیگ (ن) کی رہنما سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی راحیلہ حمید خان درانی، ڈاکٹر عمر خان بابر، زین العابدین خلجی، مہوش جنجوعہ، عبدالمتین اخوندزادہ، کبیر افغان، مولانا محمد ایوب سمیت دیگر رہنماؤں مردم شماری پر اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ مردم شماری سے قبل پراپیگنڈہ کر کے لوگوں میں خوف پھیلایا گیا اور عملے کو ٹیبلٹ استعمال کرنے کی صحیح تربیت نہیں دی گئی تھی اس لئے ہمارا......... بقیہ نمبر 82 صفحہ 9 پر

مطالبہ ہے کہ کوئٹہ میں مردم شماری میں ایک ماہ کی توسیع کر کے صحیح معنوں میں مردم شماری اور خانہ شماری کو یقینی بنایا جائے تاکہ صحیح اندراج کر کے کوئٹہ کی آبادی کا تعین ہو سکے مردم شماری سے ہی کوئٹہ کی تعمیر و ترقی اور لوگوں کے مسائل کے حل کا تعین ہونا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جیو بلوچستان سماجی تنظیم کے زیر اہتمام خانہ شماری اور مردم شماری کے حوالے سے کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا مقررین نے کہا کہ ڈیجیٹل مردم شماری سے متعلق بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس لئے آج ملک بھر کی طرح کوئٹہ اور بلوچستان میں بھی ڈیجیٹل مردم شماری کے حوالے سے لوگوں کے تحفظات آشکار ہو رہے ہیں سیاسی اور مذہبی جماعتوں سمیت تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والوں کو مردم شماری کے حوالے سے خامیوں کمزوریوں کو دور کرنے کے لئے حکومتی سطح پر اٹھائے جانے والے اقدامات ناکافی ہیں

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

DATE: 18 APR 2023

Page No: 10

# سیاسی مسائل کا حل صرف مذاکرات ہیں، ڈاکٹر مالک

## پنجاب میں ضمنی انتخابات کے تنازع کے حل کیلئے فل بنچ تشکیل دیا جائے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے سربراہ وسابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی مسائل کا حل صرف اور صرف مذاکرات ہیں، پی ڈی ایم میں سیاسی مذاکرات کی بات سب سے پہلے نیشنل پارٹی نے کی تھی، پارلیمنٹ بالادست ادارہ ہے پنجاب میں ضمنی انتخابات کے تنازعے کے حل کیلئے فل بنچ تشکیل دیا جائے، مردم شماری کے لئے مدت میں مزید اضافہ کیا جانا چاہئے، نیشنل پارٹی کو پاکستان کی تمام اقوام کی جماعت بنا رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو درشن کمار بگٹی کی ساتھیوں سمیت نیشنل پارٹی میں شمولیت کے موقع پر پارٹی سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر جان محمد بلیدی، صوبائی صدر رحمت صالح بلوچ، علی احمد لانگو سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر مالک بلوچ نے درشن کمار بگٹی کو ساتھیوں سمیت نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے ڈیرہ بگٹی کی سیاسی وسماجی شخصیت درشن کمار بگٹی کو کئی دہائیوں سے جانتا ہوں میر محراب خان سے لیکر نواب اکبر بگٹی کی شہادت تک ہندو کمیونٹی کے دوست بلوچستان کے وارث ہیں جنہوں نے ہر وقت قربانی دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نے کبھی زبان اور علاقے کی سیاست نہیں کی۔ بلوچستان کے حقوق کی خاطر بلوچستان کے عوام اور نیشنل پارٹی کے کارکنوں نے بہت سی قربانیاں دی ہیں نیشنل پارٹی کو پاکستان کی تمام اقوام کی جماعت بنا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عیدالفطر کے بعد بہت سے لوگ پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے جا رہے ہیں، ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام اداروں میں کشمکش کی صورتحال ہے اگر پاکستان کے تمام اداروں میں تضاد پیدا ہو گیا تو اسکا نقصان ملک کو پہنچے گا، سیاسی مسائل کا حل صرف اور صرف مذاکرات ہیں، پی ڈی ایم میں سیاسی مذاکرات کی بات سب سے پہلے نیشنل پارٹی نے کی تھی۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے اسٹیٹ بینک کو الیکشن کیلئے پیسے جاری کرنے کی ہدایت کی مگر اسٹیٹ بینک قانونی طور پر پیسے دے نہیں سکتا کیوں کہ یہ اختیار حکومت کا ہے، انہوں نے کہا کہ بحیثیت ایک سیاسی کارکن وہ پارلیمنٹ کی پشت پر کھڑے ہیں کیوں کہ وہ سمجھتے ہیں کہ پارلیمنٹ کو بالادست ہونا چاہئے تاکہ اس ملک میں آئین وقانون کی بالادستی ہو۔ قبل ازیں ڈیرہ بگٹی کی سیاسی وسماجی شخصیت درشن کمار بگٹی نے نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ اور ان کے ساتھی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں بلوچستان کے عوام کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو ناروا سلوک، ناانصافیوں، ناقص طرز حکمرانی کا سامنا رہا ہے صوبے کے وسائل کو لوٹ کر عوام کو ان کے حقوق سے محروم رکھا گیا ہے، صوبے میں سیاسی عمل میں رکاوٹ اور قدغن لگائے جاتے رہے ہیں عوام سے حق رائے دہی کا حق چھین کر مسلط شدہ نمائندوں کو نمائندگی کا اختیار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی سیاسی کارکنوں کی میراث ایک جمہوری سیاسی جماعت ہے پارٹی نے طویل سیاسی وجمہوری جدوجہد میں قربانیاں دی ہیں مگر سیاسی نظریاتی واصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا اور اپنے سیاسی فیصلوں اور سیاسی بصیرت سے ثابت کیا ہے کہ وہ عوام کی حقیقی نمائندگی کر سکتی ہے اور نیشنل پارٹی ہی جمہوری اور سیاسی کارکنوں کی جماعت ہے۔

# غیر سیاسی لوگوں، تاجروں اور ٹھیکیداروں نے سیاست کو بدنام کر دیا، لشکری رئیسانی

## اہل قلم، دانشور اور سیاسی کارکن سیاست کو علم اور حکمت کی بنیاد پر منظم کرکے سیاسی ونظریاتی ہم آہنگی پیدا کریں

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ سیاسی افق پر غیر سیاسی لوگوں، تاجروں اور ٹھیکیداروں کے قبضے نے سیاست کو بدنام لوگوں کے مسائل میں اضافہ کیا۔ اہل قلم، دانشور اور سیاسی کارکن، سیاست کو علم اور حکمت کی بنیاد پر منظم کرکے بلوچستان میں قومی نظم کیلئے شعوری سیاسی ونظریاتی ہم آہنگی پیدا کریں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز سراوان ہاؤس میں مکران ڈویژن سے تعلق رکھنے والے سیاسی کارکنوں وطلباء سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے مزید کہا کہ سیاست کے نام پر سیاسی افق پر غیر سیاسی لوگوں، تاجروں اور ٹھیکیداروں کا قبضہ ہے جس کے نتیجے میں سیاست بدنام لوگوں کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے ایسے میں وقت اور حالات کا تقاضہ ہے کہ اہل قلم، دانشور اور سیاسی کارکن سیاست کو علم اور حکمت کی بنیاد پر منظم کرتے ہوئے قومی وسیاسی نظم کو فعال کریں تاکہ آنے والے دنوں میں ہمیں جن بحرانوں کا سامنا ہے ان بحرانوں سے نمٹنے کیلئے بحیثیت قوم پہلے سے ہم تیار اور منظم ہو کر ان بحرانوں سے نکلیں۔ انہوں نے کہا کہ افراتفری سازش کے تحت حالات خراب کرنے کے نتیجے میں ہزاروں لوگ اپنے اپنے علاقوں سے دوسرے علاقوں میں نقل مکانی کر چکے ہیں اور ہزاروں بچے تعلیمی اداروں سے باہر ہیں جس کا مطلب ایک منظم سازش کے تحت ہماری آئندہ نسلوں کو بھی غیر تعلیم یافتہ رکھنے کی کوشش ہو رہی ہے ان سازشوں کا مقابلہ کرنے کیلئے صوبے میں قومی نظم کیلئے شعوری، سیاسی نظریاتی ہم آہنگی پیدا کی جائے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 18 APR 2023

Page No: 11

## ڈھاڈر نیشنل ہائی وے پر مسلح ڈاکوؤں نے ٹرکوں اور گاڑیوں کو لوٹ لیا

[illegible]

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) نیشنل ہائی وے پر ڈاکو گاڑیوں کو لوٹ کر فرار تفصیلات کے مطابق ڈھاڈر ایک بار پھر بدامنی کی لپیٹ میں آ گیا ذرائع کے مطابق گزشتہ نصف شب کو نیشنل ہائی وے پر ... کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے قومی شاہراہ پر ناکہ بندی کر کے گاڑی کو ...... بقیہ نمبر 56 صفحہ 9 پر

کے دوران ٹرکوں اور پک اپ گاڑیوں کو روک کر ان میں سوار ڈرائیوروں اور دیگر کو گاڑی سے نیچے اتار کر ان سے بھاری رقم اور قیمتی اشیاء لوٹ لیں ذرائع کے مطابق اس دوران ڈاکوؤں نے ایک شخص سے موٹر سائیکل بھی چھین کر با آسانی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے اطلاع ملتے ہی پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی ہے پے در پے لوٹ مار کے واقعات کے بعد شہریوں اور مسافروں میں خوف و ہراس اور عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے

## گوادر میں فورسز کی گاڑی کے قریب بم دھماکہ

گوادر (آن لائن) گوادر کے علاقے چیڑان میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو بم نشانہ بنایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 9

پیر کی شام مغرب کی اذان سے قبل چیڑان کے علاقے میں نامعلوم افراد نے سیکورٹی فورسز کی گاڑی کو ریموٹ کنٹرول بم سے نشانہ بنایا ہے۔ واقعہ میں کسی بھی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ہے دھماکے کے بعد پولیس اور دیگر فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لیکر نامعلوم حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی ہے مزید کارروائی حلقہ انتظامیہ کررہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## پنجگور میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ لیویز کے مطابق پیر کو پنجگور کے سب تحصیل گچک میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے حبیب ولد محمد رضا جاں بحق ہوگیا۔ لیویز نے بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی جاری ہے۔

Scanned with CamScanner

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: INTEKHAB QUETTA

Page No: 12

Bullet No. 5

DATE: 18 APR 2023

## سول ہسپتال کے شعبہ حادثات کے سامنے صفائی کی صورتحال ابتر ہوگئی

[illegible]

کوئٹہ (یو این اے) سول ہسپتال کے شعبہ حادثات کے سامنے صفائی کی صورتحال ابتر ہوگئی، ہسپتال کے گیٹ کے سامنے رکشے اور گاڑیوں کی غیر قانونی پارکنگ کے سبب بدترین ٹریفک جام بھی معمول بن گیا ہے، ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو ہسپتال منتقل کرنے میں

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

حادثات درپیش ہیں، ہسپتال، ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس حکام کارروائی کرنے سے گریزاں ہیں، عوامی حلقوں نے صوبائی وزیر صحت و دیگر حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا [illegible]

92 نیوز کوئٹہ

# 15 سال بعد بھی پسنی فش ہاربر جیٹی غیر فعال، جاپانی فنڈز کا مصرف نامعلوم

منوں مٹی میں دھنس جانے کے بعد لوگوں کا ذریعہ معاش ختم، ہزاروں ماہی گیر بیروزگار، پی پی دور حکومت میں جاپان نے 80 کروڑ گرانٹ دی، استعمال پر سوالیہ نشان

### پسنی سمیت گردونواح میں 80 سے 90 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش ماہی گیری، جیٹی کی عدم بحالی سے مایوسی، بے چینی اور اضطراب کی صورتحال، مقامی ذرائع

گوادر (این این آئی) پندرہ سال گزرنے کے بعد بھی پسنی فش ہاربر جیٹی بحال نہ ہوسکی، ہزاروں ماہی گیر بیروزگار ہیں، معاشی حب کے خاتمے سے علاقے کی معیشت شدید متاثر ہورہی ہے، جاپانی گرانٹ کے بعد بھی جیٹی کی بحالی پر سوالیہ نشان لگ گیا، تفصیلات کے مطابق 30 سال قبل جرمن حکومت کی تعاون سے 56 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی فش ہاربر جیٹی 15 سال سے غیر فعال ہے، منوں مٹی میں دھنس جانے کے بعد پسنی اور گردونواح کے لوگوں کا ذریعہ معاش ختم ہوکر رہ گیا، علاقے کی معیشت مکمل طور پر تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی، پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں جاپانی حکومت نے پسنی فش ہاربر جیٹی بحالی کی کیلئے اس وقت کی حکومت کو 80 کروڑ روپے جاری کئے تھے، بدقسمتی سے 15 سال طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود پسنی فش ہاربر جیٹی اب بھی بحالی کی منتظر ہے۔ واضح رہے کہ ماضی میں یہ فش ہاربر جیٹی ملک کی معیشت کو سہارا دینے والی منافع بخش ادارہ تھا جو ملک کی زرمبادلہ کا اہم ذریعہ تھا جو مختلف ادوار کے حکومتوں، بیوروکریسی اور متعلقہ اداروں کی عدم توجہی کے باعث آج کل مکمل طور پر ناکارہ ہوکر پلے گراؤنڈ کا منظر پیش کررہا جہاں ماضی میں بڑے بڑے کارگو جہاز بیرون ملک سے پسنی فش ہاربر جیٹی آکر لنگر ہوتے تھے، مقامی ماہی گیروں کے مطابق اگر حکومت اب بھی جاپانی گرانٹ کے مذکورہ رقم کو سنجیدگی سے کسی غیر ملکی فرم سے جیٹی بحالی کے لئے اقدامات اٹھائے تو نہ صرف علاقے کی معیشت میں نمایاں بہتری آئے گی، بیروزگاری کی شرح میں بھی کمی آئے گی۔ مقامی ذرائع کے مطابق پسنی سمیت گردونواح میں 80 سے 90 فیصد لوگوں کا ذریعہ معاش شعبہ ماہی گیری سے منسلک ہے، پسنی فش ہاربر جیٹی کی عدم بحالی سے علاقے کے لوگوں میں مایوسی، بے چینی اور اضطراب کی صورتحال ہے جو کہ کسی بھی طرح مثبت عمل نہیں ہے، مقامی ماہی گیروں کے مطابق چند سال قبل قوم پرست پارٹیوں کی جانب سے جیٹی بحالی کے لئے احتجاج بھی کیا تھا مگر حکومت سطح پر کوئی دلچسپی ظاہر نہیں کی گئی۔ واضح رہے کہ پسنی فش ہاربر جیٹی کی عدم بحالی اور منوں مٹی میں دھنس جانے کے بعد مقامی ماہی گیروں نے پسنی شہر سے دور سمندر کنارے پر بغیر جیٹی کے چھوٹی کشتیوں کی آمدورفت کے لئے اپنی مدد آپ انتظامات کرلئے ہیں مگر وہاں عام ماہی گیروں کے لئے نقصان زیادہ اور فائدہ کم ہے۔

## بختیار آباد کے ترقیاتی کام کرپشن کی نذر ہوگئے، اہل علاقہ

### عوام کی سہولت کیلئے بنائی گئیں اسکیمیں شہریوں کے لیے زحمت بن گئیں

بختیار آباد (یو این اے) بختیار آباد کے ترقیاتی کاموں میں انتہا کی کرپشن کی گئی جبکہ ٹھیکیدار اور افسران کی چاندی، محکمہ بلدیات لوکل گورنمنٹ کے توسط سے بلیک ٹاپ روڈ اور سیوریج کی نالیوں میں کرپشن کی وجہ سے قومی خزانے کے کروڑوں روپے ضائع ہوگئے ہیں۔ عوامی مفاد کے لئے بنائی گئیں اسکیمات شہریوں کے لئے زحمت بن گئیں۔ اہل بختیار آباد نے حکام بالا سے نوٹس لے کر کرپشن میں ملوث عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کی اپیل کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بختیار آباد میں تعمیر کئے جانے والے بلیک ٹاپ روڈ اور سیوریج نالیوں کی تعمیر میں انتہا کی کرپشن کی گی ہے۔ اہل بختیار آباد کا کہنا ہے کہ ٹھیکیداروں اور محکمہ لوکل گورنمنٹ کے افسران کیلئے بختیار آباد کے ترقیاتی کام سونے کی چڑیا ثابت ہوئے ہیں۔ ترقیاتی کاموں میں انتہا کی کرپشن کے باعث ٹھیکیدار اور افسران مالا مال بن گئے۔ محکمہ بلدیات کی جانب سے چیک اینڈ بیلنس کا سسٹم نہ ہونے سے غریب صوبے کے خزانے کو بھاری نقصان پہنچایا جارہا ہے۔ انتہائی ناقص میٹریل سے بننے والے بلیک ٹاپ روڈ اور سیوریج کی نالیاں عوامی سہولت کے بجائے عوام کے لئے مزید مسائل پیدا کررہے ہیں۔ کروڑوں روپے کے فنڈ کا کوئی چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے سے قومی خزانہ کو شدید نقصان پہنچایا جارہا ہے۔ اہل بختیار آباد کی جانب سے حکام بالا کو بار بار نشاندہی کرانے اور نوٹس لینے کی اپیلیں بے سود ہوگیں۔ سائٹ پر کام کا چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے سے آگے کام جاری ہونے جبکہ پیچھے سیوریج کی نالیاں ٹوٹ پھوٹ چکی ہیں۔ اہل بختیار آباد نے وزیر اعلیٰ بلوچستان قدوس بزنجو، (CMIT) سمیت اینٹی کرپشن بلوچستان سے ناقص میٹریل کے استعمال سے قومی خزانے کو کروڑوں کا چونا لگانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی اپیل کی ہے۔

Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Page No: 13

Bullet No. 6

DATE: 18 APR 2023

# بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای پالیسی، خوش آئند اقدام

ایک خبر کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گزشتہ روز سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز سے متعلق حکمت عملی کی منظوری دے دی ہے اس پالیسی یا حکمت عملی کی خاص الخاص بات یہ ہے کہ یہ بلوچستان کی پہلی ایس ایم ای ترقی کی حکمت عملی ہے جس کی وزیراعلیٰ نے منظوری دی ہے اور یہ منظوری انہوں نے محکمہ صنعت وتجارت کی جانب سے ارسال کی گئی ایک سمری پر دی۔ قومی ایس ایم ای پالیسی 2021 کے تحت چیف سیکرٹری کی سربراہی میں صوبائی ایس ایم ای ورکنگ گروپ تشکیل دیا گیا ہے یہ ورکنگ گروپ ایک آسان اور قابل رسائی ایس ایم ای ماحول فراہم کرکے صوبے میں کاروبار کی ترقی میں سہولت فراہم کرے گا اور ایس ایم ای پالیسی/حکمت عملی کے نفاذ کی نگرانی کرے گا قومی ایس ایم ای پالیسی وفاقی حکومت نے تیار کی ہے اور پالیسی ایکشن پلان کو مختصر اور درمیانی مدت کے ایکشن پلان میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں صوبائی ایس ایم ای ورکنگ گروپ کا اجلاس پچھلے سال دسمبر میں چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیرصدارت بلوچستان کی ایس ایم ای ڈویلپمنٹ سٹریٹجی پر ٹیکنیکل پیپر پر تبادلہ خیال سے متعلق منعقد ہوا جس میں صوبائی ورکنگ گروپ نے ٹیکنیکل پیپر، امپلی مینٹیشن مینجمنٹ اسٹرکچر کے قیام اور دیگر سرگرمیوں پر غور کیا اور یہ بھی فیصلہ کیا کہ صوبائی کابینہ کے آئندہ اجلاس میں بھی یہی تکنیکی پیپر رکھا جائے گا۔ ظاہری بات ہے کہ اگر کابینہ کے اجلاس میں اس تکنیکی پیپر پر غور وخوض ہوگا کابینہ کی منظوری کے بعد مزید قوانین بنیں گے حکمت عملی کے تحت اقدامات کا سلسلہ شروع ہوگا اور یوں بلوچستان میں جس شعبے کو شروع دن سے غیر معمولی حد تک نظرانداز رکھا گیا تھا اس شعبے میں غیر معمولی اقدامات کی راہ ہموار ہوگی اور اس کا نتیجہ صوبے کی معیشت اور معاشرت پر انتہائی مثبت انداز میں مرتب ہوگا جدید دنیا میں سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز (ایس ایم ای) سیکٹر کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے اور دیکھا جائے تو ترقیافتہ ممالک کی ترقی میں ایس ایم ای سیکٹر کا کردار انتہائی اہم ہے ایک رپورٹ کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں جتنے بھی ترقی یافتہ ممالک ہیں ان کی یہ ترقی ایس ایم ای سیکٹر کو فروغ دینے سے ہی ممکن ہوئی ہے جدید دنیا میں کاروبار کی ترقی کے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھائے جاتے ہیں وطن عزیز پاکستان میں بھی اگر روز اول سے اس بابت وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں کا فہم وادراک کرتے ہوئے اقدامات کئے جاتے تو عین ممکن ہے کہ آج ہماری معیشت اور معاشرت ایک اور ہی منظر پیش کررہے ہوتے مگر ہم نے ایس ایم ای کے فروغ اور ترقی سے متعلق وقت کی ضرورتوں اور حالات کے تقاضوں کو سمجھنے اور اقدامات اٹھانے میں تاخیر کی حتیٰ کہ پہلی دفعہ سابق دور حکومت میں اس کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر خاطر خواہ اقدامات کا سلسلہ شروع ہوا ملک میں سرمایہ کاری کے فروغ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی کے لئے پی ٹی آئی حکومت نے جو اقدامات کئے ان کا اعتراف کرنا چاہئے ایس ایم ای سیکٹر ملکی ترقی میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے، یہ شعبہ ملازمت میں ساٹھ فیصد جبکہ ابھرتی ہوئی معیشت اور قومی آمدن میں غیر معمولی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے چھوٹے اور درمیانی درجے کے اداروں نے کئی کامیاب معیشتوں میں ترقی کے انجن کے طور پر خود کو منوایا ہے۔ پیداوار، روزگار کے مواقع، برآمدات میں حصہ لینے اور آمدنی کی برابر تقسیم کی سہولت میں ان کا کردار بہت اہم ہے۔ ایس ایم ای سیکٹر وسیع طور پر روایتی کانیج اور گھریلو صنعت دستکاری وغیرہ پر کام کرتا ہے۔ معاشرے کے غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو روزگار فراہم کرنا اور نئی مارکیٹس کی شروعات اور ان کی توسیع میں ان کا اہم کردار ہے۔ برآمد کے فروغ کے ذریعہ ادائیگی کے اکاؤنٹس کے توازن میں عدم توازن کی دشواری کو کم کرنے میں بھی ایس ایم ای کا کردار اہم ہے۔ چھوٹے یونٹس بغیر کسی نقصان کے مکمل صلاحیت کے ساتھ وسائل کو موثر طریقے سے استعمال کرسکتے ہیں، ایس ایم ایز میں نقصان کا عنصر کم ہوتا ہے۔ اگرچہ ملک میں ایس ایم ای کی ترقی کو فروغ دینے کے لئے بہت مضبوط رائے موجود ہے۔ وہ معاشرے کی مختلف اقتصادی سطحوں پر ترقی کے پھل کو منتقل کرنے کے لئے موثر ذریعہ ہیں، یہ ادارے عام آدمی کی معیار زندگی بہتر بنانے، روزگار پیدا کرنے، اور ملک میں عدم مساوات کو کم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ وہ برآمداتی سامان فراہم کرتے ہیں اور ملک کے تجارتی توازن اور موجودہ اکاؤنٹس کو بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں، ان فوائد کے باوجود پالیسی سازوں کی طرف سے اس معاشی طبقے کو بڑے پیمانے پر نظرانداز کیا گیا پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے تجارتی وصنعتی اداروں کی تعداد کئی ملین ہے مینوفیکچرنگ کے شعبے میں ایس ایم ایز کا شیئر غیر معمولی ہے اسی طرح جی ڈی پی اور کل برآمدات میں بھی اس کی اچھی حصہ داری ہے یہ سیکٹر روزگار کی فراہمی اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا آیا ہے اسی لئے ایک عرصے سے اس بات کی ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ قومی سطح پر ایس ایم ای پالیسی از سرنو تشکیل دے کر اس میں وقت کی ضرورتوں سے ہم آہنگ نکات شامل کئے جائیں وفاقی حکومت نے قومی پالیسی ایکشن پلان تیار کیا ہے اس میں مختصر اور درمیانی مدت کے ایکشن پلانز شامل ہیں اس پالیسی کی بدولت ملک میں صنعت وحرفت کی ترقی اور جدت کے اہداف کے حصول میں کامیابی ملے گی اور اسی تناظر میں دیکھا جائے تو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے محکمہ صنعت وحرفت کی ارسال کردہ سمری پر بلوچستان کی جس پہلی ایس ایم ای پالیسی کی منظوری دی ہے وہ انتہائی خوش آئند ومستحسن اقدام ہے بلوچستان میں اگرچہ صنعت وحرفت کو خاطر خواہ فروغ اب تک حاصل نہیں ہوپایا لیکن چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری مواقع بلوچستان میں باقی صوبوں سے بہت زیادہ ہیں یہاں صنعت وحرفت کے شعبے میں اصلاح، بہتری اور جدت کی ضرورت باقی صوبوں سے زیادہ ہے ہمیں امید ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرقیادت یہ موجودہ صوبائی حکومت جلد ہی اس حوالے سے مزید اقدامات اٹھائے گی اور بلوچستان کے دیرینہ مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ صوبے میں صنعت وحرفت اور کاروباری ومعاشی سرگرمیوں کی بڑھوتری، سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے جاری اقدامات کا تسلسل برقرار رکھتے ہوئے مزید ایسے اقدامات کو یقینی بنائے گی جس کی بدولت بلوچستان کی معیشت ومعاشرت پر مثبت اثرات مرتب ہوں۔

Scanned with CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6 DATE: 18 APR 2023 Page No: 14


# بلوچستان کے جامعات شدید مالی مشکلات کا شکار


محمد خان شاہوانی


پاکستان میں تعلیم پر پہلے ہی جی ڈی پی کا بہت کم خرچ کیا جاتا ہے اوپر سے ان فنڈز پر کٹ لگایا جا رہا ہے جو بدترین زیادتی کے مترادف ہے۔ اگر مشکلات ہیں تو حکومت اراکین اسمبلی کی تنخواہوں مراعات اور دیگر اخراجات پر کٹ کیوں نہیں لگاتی حالانکہ زیادہ تر اراکین کو ان تنخواہوں و مراعات کی ضرورت ہی نہیں۔ اگر ان کی تنخواہیں کم کردی جائیں کیونکہ ان کی کارکردگی زیرو ہے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ جامعات کے فنڈز پر کٹ لگانا قوم کے مستقبل سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ جو وزراء اس اہل نہیں کہ ملکی معیشت اور اداروں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرسکیں ان پر قومی خزانے سے بھاری رقوم خرچ کرنے کا کیا جواز باقی رہ جاتا ہے؟

کون نہیں جانتا کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی فنڈنگ میں کمی سے اعلیٰ تعلیم و تحقیق کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا۔ مالی سال دو ہزار انیس بیس کے بجٹ میں ایچ ای سی کے لیے انتیس ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ گزشتہ برس اس ادارے کے لیے چھیالیس ارب روپے رکھے گئے تھے۔ یوں اس فنڈنگ میں تقریباً چالیس فیصد تک کی کمی کی گئی ہے، حالانکہ ایچ ای سی کا بجٹ تو اب 80 ارب روپے ہونا چاہیے تھا لیکن حکومت نے اسے مزید کم کردیا ہے ترقی یافتہ دنیا میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کو معاشرے کی تعمیر میں کلیدی معمار سمجھا جاتا ہے کیونکہ وہ سماجی اور اقتصادی ترقی میں اپنے مرکزی کردار کی وجہ سے مطلوبہ علم اور ہنر کی تخلیق اور اسے فروغ دیتے ہیں۔ یونیورسٹیاں (جامعات) علم کے فروغ، تعلیم کے وسائل کو متحرک کرنے اور متنوع آبادیوں کو سیکھنے کے مواقع فراہم کرنے کی منفرد صلاحیتوں کی حامل ہوتی ہیں۔ دوسرے لفظوں میں، یونیورسٹیاں ثانوی سکولوں کے نوجوان طلبہ کو تعلیم دینے سے لے کر مختلف پس منظر کے سیکھنے والوں کو اعلیٰ تعلیم میں داخل ہونے کی ترغیب دینے کے لئے بنیادی تبدیلی کی محرک قوتیں ہوتی ہیں اور ان کی ذاتی اور پیشہ ورانہ زندگی کے مختلف عمر اور مراحل ہوتے ہیں۔ اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں زندگی بھر سیکھنے کے عمل کو فروغ دینے کی بڑی صلاحیت ہوتی ہے۔ تمام جامعات کی مجموعی آمدنی بتدریج کم ہو رہی ہے جبکہ اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس سے جامعات کی مالی صحت متاثر ہے۔ جامعات کے قیام کے وقت جو ملازمین بھرتی کیے گئے تھے وہ اب ریٹائرمنٹ کی عمر تک پہنچ چکے ہیں یا ریٹائر ہو رہے ہیں لیکن جامعات کے پاس اتنے مالی وسائل نہیں کہ انہیں پنشن اور ریٹائرمنٹ کے موقع پر دیگر مالی فوائد ادا کرسکیں۔ یونیورسٹی کے تعلیمی اخراجات میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کا حصہ بھی دن بدن کم ہوتا جا رہا ہے۔

چند سال پہلے تک ایچ ای سی مذکورہ یونیورسٹی کے اخراجات کا تیس سے 35 فیصد ادا کرتا تھا جو اب کم ہو کر پندرہ فیصد رہ گیا ہے لہٰذا یونیورسٹی کی مجموعی آمدنی بتدریج کم ہو رہی ہے جبکہ اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے بلوچستان میں جامعات کی تعداد 10 اسلام آباد 24 سندھ 60 پنجاب 81 کے پی کے 43 آزاد کشمیر 7 گلگت بلتستان 2 ٹوٹل پاکستان میں جامعات کی تعداد 117 ہوگئی ہے لیکن یونیورسٹیز کی گرانٹ میں اضافے کی بجائے ہر سال کمی واقع ہوئی ہے۔ سربراہان یونیورسٹیز کی انتظامیہ کے مطابق بروقت فنڈز نہ ملنے سے بھی مالی بحران میں اضافہ ہوتا ہے۔

اگرچہ شعبہ تعلیم کے لیے کسی بھی دور حکومت میں مثالی بجٹ مختص نہیں کیا گیا۔ تاہم صورتحال کبھی اس طرح گھمبیر نہیں ہوئی کہ ملک بھر کی جامعات کو اپنی بقا کے لالے پڑ جائیں۔ دنیا بھر میں بجا طور پر اعلیٰ تعلیم کے اداروں کو قوم کی فکری اور ذہنی تربیت کا ضامن سمجھا جاتا ہے۔ مگر جب یہ ادارے اپنی بقا کی جنگ لڑنے پر مجبور ہو جائیں تو ان سے قوم کی تربیت کی امید رکھنا خام خیالی ہے۔ صوبہ بلوچستان کی سرکاری جامعات کی یہی کیفیت ہے۔ یکساں نصاب تعلیم، معیار تعلیم، شرح خواندگی، علمی اور سائنسی تحقیق اور عالمی درجہ بندی جیسے معاملات کہیں پس منظر میں چلے گئے ہیں۔ فی الحال یونیورسٹیوں کی صرف ایک ترجیح ہے۔ اور وہ یہ کہ کسی نہ کسی طرح اپنے وجود کو قائم رکھا جائے۔ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے ہائیر ایجوکیشن پر جب کٹ لگایا تو اس کا براہ راست اثر تمام یونیورسٹیوں پر ہوا۔ اس سال بلوچستان یونیورسٹی کوئٹہ بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار یونیورسٹی اف تربت بیوٹمز کوئٹہ اوتھل یونیورسٹی کے وائس چانسلرز کا خط گردش کرتا رہا کہ یونیورسٹی انتہائی ابتر حالات سے دوچار ہے۔ جس کے پاس اپنے ملازمین کو دینے کے لیے تنخواہیں نہیں ہیں یونیورسٹی کے حالات انتہائی مخدوش ہیں۔ یہاں تک کہ اساتذہ اور دیگر ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی کرنا انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔ جس کی بنیادی وجہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کی جانب سے 2019-2020 کے فنڈز میں کٹوتی کی ہے اس وجہ سے ملک کی تمام چھوٹی بڑی جامعات کو سخت مالی مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بجٹ میں کٹوتی سے یونیورسٹیز شدید مالی بحران کا شکار ہیں۔ خیبر پختونخوا اور پنجاب کی بعض جامعات میں مالی بحران اس قدر سنگین ہے کہ بینکوں سے ادھار لے کر اساتذہ اور سٹاف کی تنخواہوں کی ادائیگی کی جا رہی ہے۔ اس لیے بعض یونیورسٹیز نے مالی بحران پر قابو پانے کیلئے طلبہ کی فیسوں میں 40 فی صد تک اضافہ کر دیا ہے۔ فنڈز بروقت ریلیز نہ کیے جانے کی وجہ سے یونیورسٹیز مزید مشکلات کا شکار ہو سکتی ہیں


Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6 DATE: 18 APR 2023 Page No: 15

## وزیراعلیٰ رمضان پیکج کے تحت کوہلو کے مستحقین میں مفت راشن فراہمی کا جائزہ

وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو نے ہمیشہ صوبے میں غریب اور متوسط طبقے کیلئے اپنے اندر ایک ویژن رکھا جس کی ایک مثال حال ہی میں صوبے بھر میں غریب اور مستحق افراد میں رمضان پیکج کے تحت مفت راشن کی فراہمی ہے اس وقت صوبے کے تمام اضلاع میں مستحقین میں مفت راشن فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے اس ضمن میں ضلع کوہلو میں بھی وزیر اعلیٰ پیکج کے تحت غریب اور مستحقین

**رپورٹ۔ طاہر شہزاد**

میں مفت آٹا اور دیگر اشیاء ضروریہ تقسیم کیا جا رہا ہے ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز جعفر کی خصوصی ہدایت پر لیویز فورس نے پہلے مرحلے میں ضلع کے مختلف علاقوں

طور پر شدید متاثر ہوئے تھے اس کے علاوہ اب مختلف مراحل میں مستحقین میں مفت راشن تقسیم کیا جا رہا ہے ضلع کے مختلف علاقوں تحصیل کاہان، ماوند، گمبر اتبو، ہانبے ولف، بوہڑی، ناوان، کرم خان شہر اور یانی، ملک زئی، لاسے زئی، گرسنی، اری فارم، سنجاز سمیت ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں میں تقریباً 1200 سے زائد یتیموں، بیوہ، معذور اور دیگر مستحقین میں مفت راشن لیویز فورس کی جانب سے فراہم کیا گیا ہے جس کی نگرانی ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز جعفر اور رسالدار میجر شیر محمد مری کر رہے ہیں ڈپٹی کمشنر کوہلو اعجاز جعفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو صاحب، صوبائی حکومت اور ہم نے مل کر ماہ رمضان سے پہلے مختلف اجلاس کیے کہ کس طرح سے ہم غریب لوگوں کو ریلیف فراہم

دی جا رہی ہیں جس کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم ضلع میں ایک ذمہ داری شہری ہونے کے ناطے ہر طریقے سے مستحق 1250 افراد کو تقریباً ... مفت راشن فراہم کر رہے ہے ہمارے نوٹس میں لے آئیں وہاں کے




ہیں پورے عمل میں شفافیت کو اولین ترجیح دیا ہے جس کیلئے تمام افراد کا مکمل جانچ پڑتال کے بعد کمپیوٹر پر باقاعدہ اندراج کیا جا رہا ہے تاکہ کسی قسم کی دوہری بار نہ ہو۔ جو مستحق افراد ایک بار راشن حاصل کر چکا ہے اس کے اندراج سے اس کو دوبارہ راشن مہیا نہیں ہوگا اگر کوئی اس طرح کی کوشش کرے گا بھی تو اس کا تمام ریکارڈ ہمارے پاس کمپیوٹر میں موجود ہے جو کلک کرتے ہی سامنے آئے گا ہم نے سفارش اور خاطر کو رد کر کے پہلے دن سے ہی میرٹ کو ترجیح دی ہے میرٹ کے مطابق تمام غریب افراد میں راشن تقسیم


افراد تک راشن فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہوگا تمام غریب اور مستحق افراد کا تعلق کسی ایک گروہ یا جماعت سے نہیں ہے بلکہ وہ مختلف طبقوں سے تعلق رکھتے ہیں اس میں ہم نے علماء کرام اور سوشل ورکرز کے ضرورت مندوں کو بھی شامل کرنے جا رہے ہیں جو اس کے حقدار ہوں گے ان کو مفت راشن فراہم کیا جائے گا اس پورے عمل میں لیویز فورس کا کردار قلیدی ہے جس نے ضلع میں امن و امان کی صورتحال کے ساتھ ساتھ فلاحی اور تعمیری کاموں میں بھی ایک مثبت اور بنیادی



میں مستحق افراد کا ڈیٹا جمع کیا جس کے بعد ان کو ڈپٹی کمشنر کے سربراہی میں اسکروٹنی کے مرحلے سے گزار کر فہرستیں تیار کی گئی ہیں۔
ضلع میں 13 اپریل سے شروع ہونے والے وزیر اعلیٰ رمضان پیکج کے تحت پہلے مرحلے میں کوہلو کے

کر سکتے ہیں اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ نے مفت راشن کے فراہمی کو بہتر اقدام قرار دیا ہے کیونکہ اس سے لوگوں کو براہ راست فائدہ حاصل ہوگا ضلع کوہلو کو آبادی کے تناسب سے 2500 مستحق افراد کیلئے راشن مہیا کیا گیا جس میں آٹا، چاول، دالیں،





مختلف علاقوں میں یتیم، بیوہ اور معذور افراد کے علاوہ لوگوں کو ترجیح دیا گیا ہے جو کرونا وائرس میں معاشی

گھی، پتی، سمیت دیگر اشیاء ضروریہ شامل ہیں ہمیں مراحلہ وار صوبائی حکومت کی جانب سے راشن

کیا جا رہا ہے کیونکہ اگر میرٹ کے مطابق غریبوں کو مفت راشن ملے گا تو یہ ان کیلئے بڑی ریلیف کے ساتھ کافی بھی ہوگا جبکہ ہماری مختلف اجلاس ہو رہے جس میں ممکن ہے کہ ضلع میں 1000 سے زائد مستحق افراد کا مزید راشن ہمیں دستیاب ہو اس طرح ضلع میں تمام غریب اور نادر لوگوں کو ماہ صیام میں حکومت بلوچستان کے ویژن کے تحت مفت راشن فراہم ہوگا ڈپٹی کمشنر نے مزید بتایا کہ تمام علاقوں کو یکساں ترجیح دیا گیا ہے سیاسی جماعتوں اور عوام سے گزارش ہے کہ وہ اس ریلیف کو مکمل ہونے دیں انشاءاللہ سب لوگوں تک مفت راشن کی فراہمی ہم یقینی بنائیں گے اگر پھر بھی اس سلسلے میں کہیں ہم سے کوئی علاقہ رہ نہ جائے ہم بھی انسان ہیں تو

کردار ادا کیا ہے قیامت خیز زلزلہ ہو یا تباہ کن سیلاب، کرونا وبا کی مصیبتیں ہوں یا دیگر ہنگامی حالات، فلاحی کام ہوں یا امدادی کاروائیاں کوہلو لیویز فورس نے ہمیشہ ہراول دستے کے طور پر عوام کی خدمت کی ہے اور انہیں قدرتی آفات اور مصائب سے محفوظ رکھنے میں مثالی کردار ادا کیا ہے۔ اس وقت ماہ صیام اور شدید گرمی کے باوجود ریلیف سینٹرز کی سیکورٹی کے انتظامات کے علاوہ مستحقین تک مفت راشن کی فراہمی اور دکھی افراد کی خدمات میں معروف عمل ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان رمضان پیکج کے تحت ضلع بھر کے معذور، دیہاڑی دار طبقہ، بیواؤں، یتیموں اور غریب خاندانوں کو عید تک مفت راشن فراہم کیا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** JANG QUETTA

**Bullet No.**________ **DATE:** 18 APR 2023 **Page No:** ________



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے پشتونخوامیپ کے رہنما یوسف کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے سابق صوبائی وزیر عبدالکریم نوشیروانی ملاقات کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سے وزیر مملکت میر ہاشم نوتیزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**Daily:** JANG QUETTA

**Bullet No.**

**DATE:** 18 APR 2023

**Page No:**



کوئٹہ: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی سے مردم وخانہ شماری کے سلسلے میں مختلف پارٹیوں کے نمائندے ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: چیف سیکرٹری عبدالعزیز عقیلی بلوچستان سول سروس اکیڈمی کا افتتاح کر رہے ہیں

Scanned with CamScanner